# حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کی چالیس احادیث

---

<"xml encoding="UTF-8?>

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

امام ابو جعفر محمد بن علی الباقر علیہ السلامنے فرمایا:

1. عقل کے مطابق حساب وکتاب:

انما يداق الله العباد في الحساب يوم القيامة علي قدر ما اتاهم من العقول في الدنيا. (1)

خداوندعالم  قیامت کے دن بندوں کےحساب وکتاب میں اتنی ہی دقت سے کام لے گا جتنی دنیامیں انھیں عقل عطاکی ہے.

2. زمانۂ غیبت میں ہمیں ایساہونا چاہئے:

اِصبِروا عَلي اداء الفَرائضِ، وَ صابِرو عَدُوُّكم ، وَ رابِطوا امامَكمُ المُنتَظَرِ (2)

فرائض کی ادائیگی پرصبر کرودشمنوں سےمقابلے کی مشکلات پر صبرسے کام لو اپنے زمانے کے امام منتظر سے رابطہ رکھو.

3. اچھی باتیں جہاں سے بھی ملیں لے لو:

خُذُوا الكلِمَةَ الطَّيبَةَ مِمَّن قالَها و إن لَم يعمَل بِها (3)

اچھی باتیں جس کی زبان سے بھی ادا ہوں لے لو چاہے ان کا کہنے والا خود ان پر عمل نہ کرتا ہو.

طالب علم کی فضیلت:

5- إنَّ جَميعَ دَوابِّ الاْرْضِ لَتُصَلّى عَلى طالِبِ الْعِلْمِ حَتّى الْحيتانِ فى الْبَحْرِ

زمین کی تمام مخلوقات طالب علم پر درود بھیجتی ہیں یہاں تک کے دریاؤں کی مچھلیاں بھی

4. گنہگار بے معرفت ہوتا ہے:

ما عَرَفَ اَللهَ مَن عَصاهُ. (4)

نافرمانی کرنے والا خداکی معرفت نہیں رکھتا.

6. جہاد نفس جیساکوئی جہاد نہیں:

لا فَضيلَةَ كالجِهادِ ، ولا جِهادَ كمُجاهَدَةِ اَلهَوي . (6)

جہاد جیسی کوئی فضیلت نہیں جہاد نفس جیساکوئی جہاد نہیں.

7. ترک جماعت مبطل نماز ہے:

من ترك الجماعة رغبة عنها و عن جماعة المسلمين من غير علة فلا صلاة له. (7).
جو شخص بلاکسی وجہ کےصرف نماز جماعت اور مسلمانوں کے اجتماع سے بے رخی کی بناپر نماز جماعت ترک کرے اس کی نماز نہیں ہوتی

8جیسا سننا چاہتے ہو ویسا بولو:

قولوا للناس احسن ما تحبون ان يقال لكم،

جس طرح کی اچھی باتیں اپنے باریمیں سننا چاہتے ہواس سے بہتر دوسروں کے بارے میں اپنی زبان سے ادا کیا کرو.

9. زبان پر کنٹرول گناہوں سے حفاظت کا ذریعہ:

لا يسلم احد من الذنوب حتي يخزن لسانه. (9)

جب تک زبان پر کنٹرول نہ گناہوں سے نہیں بچا جاسکتا.

10. صله رحم ثواب کا سب تیز ذریعہ:

ان اعجل الطاعة ثوابا لصلة الرحم. (10)

ثواب دلانے کا سب سے تیزذریعہ قرابت داروں کے ساتھ رابطہ رکھنا ہے.

11. رحم دلی ایمان کی حفاظت کا ذریعہ ہے:

ان لكل شيءٍ قفلاً و قفل الايمان الرفق. (11)

ھر چیزکی حفاظت کےلیے کوئی نہ کوئی تالا ہوتا ہےایمان کی حفاظت کے لیے رحمدلی تالےکی حیثیت رکھتی ہے

12. غصہ پرکنٹرول عذاب روکنے کا ذریعہ ہے:

ومن كف غضبه عن الناس كف الله تبارك وتعالى عنه عذاب يوم القيامة. (12)

جو لوگوں کےبارے میں اپنے غصہ پر کنٹرول کرتا ہے خداوندعالم قیامت میں عذاب کواس سےروک دے گا .

13. بندگی کاحق ادا کروتو خدا تمھارےلیے کفایت کرے گا:

من عَبَد الله حق عبادته آتاه الله فوق امانيه و كفايته. (13)

جو خدا کی عبادت اس طرح بجا لائے جو اس کا حق ہے تو خدا وند عالم اس کی امیدوں اور ضرورتوں سے زیا دہ عطا کرتا ہے.

14. بری باتوں کے بغیر مذاق کرنا اللہ کو پسند ہے:

ان الله عزوجل يحب المداعب في الجماعه بلا رفث. (14)

بری باتیں کہےبغیرلوگوں سے ہنسی مذاق کو اللہ پسند کرتا ہے.

15. نفس سے جہاد دشمن سے جہاد کا درجہ رکھتا ہے:

جَاهِد هَوَاك كمَا تُجَاهِدُ عَدُوَّك. (15)

ا پنی خواہشات سے جہاد کرو جس طرح اپنے دشمن سے جہاد کرتے ہو.

16. نیک نیتی رزق میں اضافہ کا باعث ہے:

من حسنت نيته ، زيد في رزقه (16)

جس کی نیت اچھی ہوتی اس کے رزق میں اضافہ ہوتا ہے .

17. اپنے سے محبت پرکھنے کا معیار:

اعرف المودة في قلب اخيك بما له في قلبك (17)

اگردوست کےدل میں اپنی محبت کااندازہ لگانا چاہتے ہو تواپنے دل میں اسکی محبت دیکھ لو (جتنی تمھیں اس سے محبت ہوگی اتنی ہی اسکو تم سے محبت ہوگی ق.

18. بهترین ملاوٹ:

ما شيب شي ء بشي ء احسن من حلم بعلم. (18)

کسی چیز کو کسی چیز سے اس طرح نہیں ملایا گیا جس طرح حلم و بردباری کو علم سے ملایا گیا.

19. دینی بھائی کی عدم موجودگی اس کے لیے دعا:

اَوشَك دَعوَهً و اَسرَعُ اِجابَه دُعاءَ المَرءِ لِاَخيهِ بِظَهرِ الغَيبِ. (19)

سب سے جلدی وہ دعا قبول ہوتی ہے جو دینی بھائی کی عدم موجودگی میں اس کے لیے کی جائے .

20. دنیا کی سب سےبھترین نیکی:

مَا حَسَنَةُ الدُّنيا إلّا صِلَةُ الإخوانِ وَالمَعارِفِ. (20)

دنیا کی خوبي بھائیوں اور جان پہچان والوں سے ملاقات کے علاوہ اور کچھ نہیں ہے.

21. رحمدل باایمان ہوتا ہے:

مَن قُسِمَ لَهُ الرَّفقُ قَسِمَ لَهُ الإيمانُ. (21)

جسے رحمدلی عطا ہوگئی ہو اس ایمان کی دولت بھی مل جاتی ہے

22. احیاء علم کیاہے؟

رحم الله عبدا أحيا العلم قال: قلت: وما إحياؤه؟ قال: أن يذاكر به أهل الدين وأهل الورع. (22)

خدا رحمت نازل کرے اس بندے پر جو علم کو زندہ کرتا ہے راوی کہتا ہے کہ میں نے دریافت کیا علم کو زندہ کرنے کا کیا مطلب ہے آپ نے فرمایا دینداروں اور صاحبان ورع سے علمی گفتگو کرنا.

23. بکواس کرنے والا بدزبان خداکادشمن ہے:

إنَّ اللّهَ يبغِضُ الفَاحِشَ المُتَفَحِّشَ. (23)

خداوند عالم فحش بکواس کرنےوالے کو دشمن سمجھتا ہے

24. خدا کا سب سے محبوب بندہ:

مِن أحَبِّ عِبادِ اللهِ إلَي اللهِ المُحسِنُ التَّوّابُ. (24)

اللہ کو سب سے زیادہ وہ بندہ پسند ہے جو نیکیاں بجالانےوالا اوربہت زیادہ توبہ کرنے والا ہو.

25. تقویٰ کا فائدہ:

اِنَّ اللّهَ عَزَّوَجَلَّ يقى بِالتَّقوى عَنِ العَبدِ ما عَزُبَ عَنهُ عَقلُهُ وَ يجَلّى بِالتَّقوى عَنهُ عَماهُ وَ جَهلَهُ. (25)

خداوند عالم تقویٰ کے ذریعہ بندہ کی حفاظت فرماتا ہےاورجہاں تک اس کی عقل نہیں پہونچتی اس منزل کی

جہالت اور نادانی سے محفوظ رکھتا ہے .

26. اول وقت نماز کا فائدہ:

ايّما مؤمن حافظ علي الصلوات المفروضة فصلاها لوقتها فليس هذا من الغافلين. (26)

جومومن اپنی واجب نمازوں کی پابندی کرتے ہوئے انھیں وقت پر ادا کرتا ہے وہ غافل لوگوں میں شمار نہیں ہوتا.

27. دنیا میں ظلم وستم کے سنگین نتائج:

الظُلمُ فِي الدُّنيا هُوَ الظُلُمَاتُ فِي الاَخِرَه. (27)

دنیامیں ظلم و ستم کا نتیجہ آخرت کی تاریکیوں کی صورت میں بھگتنا ہوگا.

28. بردباری کا لباس:

اَلحِلمُ لِباسُ العالِمِ فَلا تَعرَينَّ مِنهُ. (28)

بردباری عالم کالباس ہے، لہذاپنے کواس سے برہنہ نہ کرو.

29. خوف خدامیں آنسوؤں کی قیمت:

ما مِن قَطرَةٍ احَبَّ الي اللّهِ عَزَّوَجَلَّ مِن قَطرَةِ دُمُوعٍ في سَوَادِ اللَّيلِ مَخَافَةً مِنَ اللّهِ لا يريدُ بِها غَيرهُ. (29)

خداوند عالم کے خوف سے رات کی تاریکی میں آنکھوں سےگرنے والے آنسو کےاس قطرہ سے زیادہ پسندیدہ اور کچھ نہیں ہےجس میں کسی اور کی خوشنودی کا جذبہ نہ ہو.

30. خدارحم دلی کو پسند کرتا ہے:

اِنَّ اللّهَ رَفيقٌ يحِبُّ الرِّفقَ ويعطی علی الرفق ما لا يعطی علی العنف. (30)

خداوند عالم مہربان ہےاور مہربان ورحمدل افرادکو پسند کرتا ہے.

31. نیکیاں اور برائیاں:

مَا اَحسَنَ الحَسَنَاتِ بَعدَ السَّيئاتِ وَ مَا اَقبَحَ السَّيئاتِ بَعدَ الحَسَنَاتِ

برائیوں کے بعد نیکیاں کتنی اچھی ہوتی ہیں اورنیکیوں کے بعد برائیاں کتنی بری لگتی ہے.

32. اخوت مومن:

32- قالَ الْامامُ الباقر (عَلَيْه السلام): إنَّ الْمُؤْمِنَ أخُ الْمُؤمِنِ لا يَشْتِمُهُ، وَلا يُحَرِّمُهُ، وَلا يُسيىءُ بِهِ الظَّنَّ

مومن مومن کا بھائی ہے اسے برابھلا نہیں کہتا اسے محروم نہیں رکھنا اور اس سے بد گمانی نہیں کرنا

33. غرور جہنم کی سواری ہے:

الكبرُ مَطَايا النَّارِ. (33)

غرور و تکبروہ سواری ہےجواپنےسوار کوجہنم تک پھونچا دیتی ہے.

34. صاحبان حیاء و عفت خدا کو محبوب ہوتے ہیں:

قال (ع): قال رسول الله صلى الله عليه وآله: ان الله يحب الحيئ الحليم العفيف المتعفف. (34)

پیغمبر اسلام صلیٰ اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بیشک خداوند عالم صاحبان حیا 'بردبار' پاکدامن اور حرام سے محفوظ رہنے والے افراد کو پسند کرتا ہے.

35. خداوندعالم کے لیے زینت:

تَزَين للَّهِ بِالصِّدقِ فِي الاعمالِ. (35)

اپنے اعمال میں صداقت کے ذریعہ خداوند عالم کے لیے اپنےکوزینت بخشو.

36. مشورہ کس سےکیا جائے؟

اِستَشِر في أمرِك الَّذينَ يخشَونَ اللَّهَ. (36)

اپنے کاموں میں ان لوگوں سے مشورہ کرو جو صرف خدا سے ڈرتے.ہوں

37. صبر کیاہے او رکون ساصبر افضل ہے؟

الصَّبرُ صَبرانِ: صَبرٌ عَلي البَلاءِ حَسَنٌ جَميلٌ وَ أفضَلُ الصَّبرَين الوَرَعُ عَن المَحارم. (37)

صبر دو طرح کا ہوتا ہےبلاؤں پر صبرجواچھا اور پسندیدہ ہے لیکن سب سے افضل صبر حرام چیزوں سے پرہیز ہے.

38. بھترین عبادت کیاہے؟

مَا مِن عِبَادَة أفضَلَ عِندَ اللهِ مِن عِفَّةِ بَطن وَ فَرج. (38)

خدا کے نزدیک پیٹ اور شرم گاہ کی حفاظت سے بڑی کوئی عبادت نہیں ہے.

39. بھار قرآن:

لِكلِّ شَيءٍ رَبيعٌ، وَرَبيعُ القُرآنِ شَهرُ رَمَضانَ. (39)

هر چيزكي بهارہوتی ہے   قرآن مجید کی بہار ماہ رمضان المبارک ہے

40-فنا ہوجانے والی دنیا میں کیسے رہیں:

فَانزِل نَفسَكَ مِنَ الدُّنيا كَمَثَلِ مَنزِلٍ نَزَلتَهُ ساعَةً ثُمَّ ارتَحَلتَ عَنهُ. (40)

اپنےکو دنیا میں ایسے رکھیں جیسےکسی جگہ ایک گھنٹےکے لیے رکے ہوں اور پھر آگے چلنا ہو.

منابع :


1. غررالحكم جلد2 - حديث3260 – خاتمةالمستدرك ميرزاحسين نوري- ج1 ص47. معاني الاخبار شيخ صدوق ص 2.

2. غيبه النعماني، ينابيع المودة.

3. تحف العقول، ص391. بحارالانوار ج 110 ص160، ج75 ص 170.

4. تحف العقول ص294. الانوار البهيه شيخ عباس قمى ص 143.
[5] - بحارالأنوار: ج 1، ص 137، ح 31.

6. تحف العقول ص 286. مستدرک الوسائل میرزا حسین نوری ج 11 ص 143.

7. امالي شيخ صدوق،ص290.

8. بحارالانوار،ج65،ص152. الكافى ج2 ص 165 محاضرات ج 1 ص 251.

9. بحارالانوار،ج75،ص178 – تحف العقول - حسن بن على بن حسين بن شعبة الحرانى- ص 298

10. تحف العقول،ص303.

11. جهاد النفس، ح271. الكافى ج2 ص 118.

12. جهادالنفس،ح532. الكافى ج2 ص 305.

13. بحارالانوار،ج۷۱ص۱۸۳.

14. الكافي،ج2،ص663.

15. عيون اخبار الرضا2،ص51.

16. بحارالانوار ، دار احياء التراث العربي ، ج 75 ، ص 175.

17. تحف العقول ، ص 304.

18. بحارالانوار ، دار احياء التراث العربي ، ج 75 ، ص 172 .

19. الكافي ، ج 2 ، ص 507.

20. بحار الأنوار، ج 46، ص291.

21. جهاد با نفس، ح 272. وسائل الشيعه ج11 ص213.

22. الكافي ، ج 1 ، ص 41.

23. جهاد با نفس، ح 677. وسائل الشيعه الاسلاميه. ج11 ص327.

24. جهاد با نفس، ح 836. وسائل الشيعه ج16 ص76.

25. الكافي، ج 8 ، ص 52، ح 16.

26. وسائل الشيعه ، ج 3، ص 79 .

27. جهاد با نفس، ح 733. وسائل الشيعه الاسلاميه. ج11 ص340 ح20.

28. الكافي، ج 8، ص 55.

29. جهاد با نفس، ح 137 . وسائل الشيعه الاسلاميه. ج8 ص524.

30. جهاد با نفس، ح 283. وسائل الشيعه الاسلامية. ج11 ص212.

31.جهاد با نفس، ح 880 . وسائل الشيعه الاسلامية. ج11 ص384- المجالس: ص 153- الكافى ج2 ص 458.

32] - تحف العقول: ص 221، بحارالأنوار: ج 78، ص 176، ح 5.

33.جهاد با نفس، ح 578 . وسائل الشيعه الاسلامية. ج11 ص 301.

34. جهاد با نفس، ح259 - وسائل الشيعة الإسلامية. ج11 ص211.

35. تحف العقول، ص 285 . بحار الانوار ج 75 ص164.

36. تحف العقول، ص 293. بحار الانوار ج 75 ص172.

37. جهاد با نفس ،ح 163- وسائل الشيعه آل البيت ع.. شيخ حرعاملي ج15 ص237 حديث 20372

38. الكافي، ج2 ، ص 630

39. جهاد با نفس ، ح205 . وسائل الشيعه آل البيت ع.. شيخ حرعاملي ج15 ص250 حديث 20421.

40. بحارالأنوار، ج 75، ص 165